جزاء اللہ عدوہ باباۂ

ختم النبوۃ

اعلیحضرت احمد رضا خان بریلوی رح

مکتبہ نبویہ ○ لاہور

جناب رسالتمآب ختم المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک لاجواب کتاب

المسمّٰی بہ

جزاء اللہ عدوہ باباۂ

ختم النبوّۃ

تصنیف لطیف

اعلیٰحضرت امام اہل سنت مجدد مائتہ حاضرہ امام ملت طاہرہ
الشاہ مولینا احمد رضا خاں بریلوی قدس سرہٗ

مکتبہ نبویہ۔ گنج بخش روڈ۔ لاہور

نام کتاب ـــــــــــ جزاء اللہ عدوہ باباۂ ختم النبوۃ
موضوع ـــــــــــ ختم نبوت
تصنیف ـــــــــــ اعلحضرت مولانا احمد رضا خان بریلوی رح
کتابت ـــــــــــ محمد شریف گل
تعداد ـــــــــــ ایک ہزار
مطبع ـــــــــــ کمبائن پریس لاہور
ناشر ـــــــــــ مکتبہ نبویہ گنج بخش روڈ۔ لاہور
طباعت ـــــــــــ ۱۹۸۸ء
قیمت ـــــــــــ روپے

الخصائص الکبری ولم اقف علی الفاظهم فان اشتملت جمیعا علی لفظ خاتم النبیین کانت اربعة احادیث۔

تذییل : ترمذی حدیث طویل حلیۂ اقدس میں امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے راوی کہ انھوں نے فرمایا : بین کتفیه خاتم النبوۃ و هو خاتم النبیین حضور کے دونوں شانوں کے بیچ میں مہر نبوت ہے اور حضور خاتم النبیین ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیہم وسلم۔

تذییل : طبرانی معجم اور ابونعیم عوالی سعید بن منصور میں امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہٗ سے درود شریف کا ایک صیغہ بلیغہ راوی جس میں فرماتے ہیں اجعل شرائف صلاتك ونوامی برکاتك ورأفة تحننك علی محمد عبدك ورسولك الخاتم لما سبق والفاتح لما اغلق الٰہی اپنی بزرگ درودیں اور بڑھتی برکتیں اور رحمت کی مہر نازل کر محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر کہ تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں گزروں کے خاتم اور مشکلوں کے کھولنے والے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

نوع آخر نبوت گئی، نبوت منقطع ہوئی جب سے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نبوت ملی کسی دوسرے کو نہیں مل سکتی۔

ولا نبی بعدی صحیح بخاری شریف میں مروی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں : کانت بنو اسرائیل تسوسهم الانبیاء کلما هلك نبی خلفه نبی ولا نبی بعدی انبیاء بنی اسرائیل کی سیاست فرماتے جب ایک نبی تشریف لے جاتا دوسرا اس کے بعد آتا اور میرے بعد کوئی نبی نہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

احمد و ترمذی و حاکم بسند صحیح بر شرط صحیح مسلم کما قاله الحاکم واقره الناقدون حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ

ف نوع چہارم نبوت منقطع ہوئی اب کوئی نبی نہیں ہو سکتا۔